سوال

(29) توسیع شدہ حصے کا حکم وہی ہے جو اصل کا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ "میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں کی ایک ہزار نماز سے افضل ہے۔" مسجد نبوی کی صرف انہی حدود کے ساتھ مخصوص ہے جو عہد نبوی میں تھیں یا یہ ارشاد موجودہ تمام مسجد کے لیے بھی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد نبوی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں موجودہ مسجد دے بہت چھوٹی تھی، اسی طرح مسجد حرام بھی بہت چھوٹی تھی۔ خلفاء راشدین رضی اللہ عنھم اور ان کے بعد کے حکمرانوں نے ان دونوں میں توسیع اور اضافے کئے۔ تمام احکام کے اعتبار سے وسیع شدہ حصوں کا حکم بھی وہی ہے جو اصل کا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

مساجد کے احکام: ج2 صفحہ41

محدث فتویٰ